# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

نمبر: 983-ڈی ایس ایف بتاریخ: 27-اکتوبر 2025ء

## نوٹیفکیشن

بورڈ ھذا کے زیر اہتمام سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ جماعت نہم و دہم (پہلا سالانہ) امتحان 2026ء کے شروع ہونے کی تاریخ 03-مارچ 2026ء ہے۔ مذکورہ امتحان میں شرکت کے لئے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواروں کے لیے سنگل امتحانی فیس و دیگر واجبات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

### آغاز انعقاد سیکنڈری سکول جماعت نہم و دہم (پہلا سالانہ) امتحان 2026ء مورخہ 03-مارچ 2026

| | | |
|---|---|---|
| 1- | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 04-نومبر 2025ء تا 27-نومبر 2025ء |
| 2- | دو گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 28-نومبر 2025ء تا 11-دسمبر 2025ء |
| 3- | تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 12-دسمبر 2025ء تا 24-دسمبر 2025ء |

**اہم قواعد:۔**

1۔ حکومت پنجاب کے سکولوں کے سربراہان سنگل فیس کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کی وصولی کے شیڈول برائے جماعت نہم و دہم مورخہ **04-نومبر 2025ء تا 27-نومبر 2025ء** تک اپنے ادارے کے ریگولر طلباء/طالبات کے داخلہ فارم بغیر امتحانی فیس کے جمع کرواسکیں گے۔ تاہم پروسیسنگ فیس مبلغ -/870 روپے، سپورٹس فیس -/280 روپے، سکالرشپ فیس -/80 روپے، ڈویلپمنٹ فنڈ -/350 روپے اور اصل سند/سرٹیفکیٹ فیس مبلغ -/1000 روپے (فی امیدوار) ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ نیز جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کر سکنے والے امیدواران جماعت دہم کے امتحان کا فارم جمع کراتے وقت جماعت نہم و دہم (دونوں پارٹس) کی امتحانی فیس مع دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ اسی طرح جماعت نہم میں شرکت کر کے کامیابی حاصل نہ کر سکنے کے بعد جماعت نہم میں دوبارہ داخل ہونے والے امیدواران بھی امتحانی فیس و دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ نیز ادارہ کا الحاق کوڈ، بنک چالان کا نمبر مالیاتی فارم پر درج کرنا لازم ہوگا۔

2۔ ایسے امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت فیس معافی کی سہولت حاصل ہے۔ ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک محدود ہے۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ بھی دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس مع دیگر واجبات جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔ واضح رہے کہ بورڈ ملازمین اور معذور امیدواران کے علاوہ پروسیسنگ فیس مبلغ -/870 روپے، سپورٹس فیس -/280 روپے، سکالرشپ فیس -/80 روپے، ڈویلپمنٹ فنڈ -/350 روپے اور اصل سرٹیفکیٹ فیس -/1000 روپے کسی امیدوار کو کسی صورت میں بھی معاف نہیں ہے۔

☆ **24-دسمبر 2025ء کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔**

☆ شرح فیس نوٹیفکیشن ہذا کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں یا بورڈ ہذا کی ویب سائیٹ www.biselahore.com وزٹ کریں۔

☆ داخلہ فارمز کی وصولی کا شیڈول بورڈ کی ویب سائٹ www.biselahore.com پر بھی دستیاب ہے۔

ڈپٹی سیکرٹری فنانس

برائے سیکرٹری

**نقل برائے اطلاع:۔**

تمام آفیسرز بورڈ ہذا، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، سیکرٹری سکولز، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) لاہور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) قصور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) شیخوپورہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) ننکانہ، قومی اخبارات اور الحاق یافتہ تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان۔

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

نمبر: 983-ڈی ایس ایف بتاریخ: 27-اکتوبر 2025ء

## نوٹیفکیشن

بورڈھذا کے زیر اہتمام سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ جماعت نہم ودہم (پہلا سالانہ) امتحان 2026ء کے شروع ہونے کی تاریخ 03-مارچ 2026ء ہے۔ مذکورہ امتحان میں شرکت کے لئے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواروں کے لیے سنگل امتحانی فیس ودیگر واجبات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

**تفصیل شرح سنگل امتحانی فیس ودیگر واجبات**

**ریگولر امیدواران**

| تفصیل | نویں کلاس | دسویں کلاس | نویں ودسویں (دونوں کلاسز) |
|---|---|---|---|
| سائنس گروپ | -/900روپے | -/900روپے | -/1800روپے |
| آرٹس مع پریکٹیکل مضمون | -/900روپے | -/900روپے | -/1800روپے |
| آرٹس بغیر پریکٹیکل مضمون | -/900روپے | -/900روپے | -/1800روپے |
| پروسیسنگ فیس | -/870روپے | -/870روپے | -/870روپے |
| اصل سرٹیفکیٹ فیس (صرف جماعت دہم کے ساتھ) | ---------- | -/1000روپے | -/1000روپے |
| سکالرشپ فیس | -/80روپے | -/80روپے | -/80روپے |
| ڈویلپمنٹ فنڈ | -/350روپے | -/350روپے | -/350روپے |
| سپورٹس فیس | ---------- | -/280روپے | -/280روپے |

**پرائیویٹ امیدواران**

| تفصیل | نویں کلاس | دسویں کلاس | نویں ودسویں (دونوں کلاسز) |
|---|---|---|---|
| سائنس گروپ | -/900روپے | -/900روپے | -/1800روپے |
| آرٹس مع پریکٹیکل مضمون | -/900روپے | -/900روپے | -/1800روپے |
| آرٹس بغیر پریکٹیکل مضمون | -/900روپے | -/900روپے | -/1800روپے |
| پروسیسنگ فیس | -/870روپے | -/870روپے | -/870روپے |
| اصل سرٹیفکیٹ فیس (صرف جماعت دہم کے ساتھ) | ---------- | -/1000روپے | -/1000روپے |
| سکالرشپ فیس | -/80روپے | -/80روپے | -/80روپے |
| ڈویلپمنٹ فنڈ | -/350روپے | -/350روپے | -/350روپے |
| سپورٹس فیس | -/280روپے | -/280روپے | -/280روپے |

☆ داخلہ فارمز کی وصولی کا شیڈول نوٹیفکیشن ہذا کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں یا بورڈ کی ویب سائٹ www.biselahore.com وزٹ کریں۔

☆ شرح امتحانی فیس ودیگر واجبات کی تفصیل بورڈھذا کی ویب سائٹ www.biselahore.com پر بھی دستیاب ہے۔

ڈپٹی سیکرٹری فنانس

برائے سیکرٹری

**نقل برائے اطلاع:-**

تمام آفیسرز بورڈ ہذا، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، سیکرٹری سکولز، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) لاہور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) قصور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) شیخوپورہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) ننکانہ، قومی اخبارات اور الحاق یافتہ تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان۔